07/01/2022

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

متھرا- برندابند کے 20 اہم چوراہوں میں حفاظتی پیش نگراورٹریفک سسٹم کیلئے آئی ٹی ایم ایس پروجیکٹ کی شروعات

لکھنؤ: ۷/ جنوری ۲۰۲۲ء-

وزیرتوانائی اوراضافی توانائی ذرائع جناب شریکاشت شرمانے متھرا- برندابن کے 20 اہم چوراہوں پر حفاظتی پیش نگراور بہترٹریفک نظام کیلئے اسٹیٹ اسمارٹ سٹی اسکیم کے تحت 38.24 کروڑ روپئے کی لاگت سے انٹیگریٹیڈٹریفک مینجمنٹ سسٹم پروجیکٹ کی شروعات کی۔

اس کے ساتھ ہی وزیرتوانائی نے متھرا- برنداابن نگرنگم کے برنداابن زون، بھوتیشور زون،اورنگ آبادزون اورمتھرازون کے 14.88 کروڑروپئے کی ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیادبھی رکھا۔انہوں نے کہا کہ ریاست کی موجودہ حکومت میں شہرکی سڑک، پینے کا پانی، پارک، اسٹریٹ لائن، نالی، نالے،سیور، ایس ٹی پی، رین واٹر ہارویسٹنگ کے 900 کروڑ روپئے سے زائدکے کام ہوئے ہیں۔

وزیرتوانائی نے کہا کہ وزیراعظم جناب نریندرمودی کی قیادت میں یوگی حکومت میں ’سب کا ساتھ،سب کا وکاس،سب کا وشواس-سب کا پریاس‘ سے سماج کے آخری پائیدان پر کھڑے فردتک اسکیموں کا جائزہ پہنچایا جارہاہے۔

☆☆☆☆☆